18-05-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ حکومت نے حیدرآباد کے گلزار حوض میں آگ لگنے کے حادثہ میں مرنے والے 17 لوگوں کے خاندانوں کیلئے پانچ پانچ لاکھ روپے ایکس گریشیاء کا اعلان کیا ہے۔

۲۔مرکزی وزیروں شیوراج سنگھ اور جی کشن ریڈی نے عوام میں ایک ملک اور چناؤ کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

۳۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کل ناگرکرنول ضلع میں اندرا سولار واٹر ڈیولپمنٹ اسکیم کا آغاز کریں گے جس کا مقصد قبائلی کسانوں کی پودوزمینوں کو ذرخیز زرعی زمینوں میں تبدیل کرنا ہے۔

۴۔محکمہ تعلیم نے فیصلہ کیا ہے کہ طالب علموں کے داخلوں میں اضافہ کیلئے 6 سے 19 جون تک ریاست بھر کے سرکاری اسکولوں میں آچاریہ جیاشنکر بڑی باڈا بھرتی مہم چلائی جائے۔

SCHEME JUPALLI

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کل اندرا سولار واٹر ڈیولپمنٹ اسکیم کا سرکاری طور پر آغاز کریں گے۔جس کا مقصد قبائلی کسانوں کی پوڈو زمینات کو ذرخیز زرعی زمینوں میں تبدیل کرنا ہے۔آزمائشی پراجیکٹ کے طور پر ناگرکرنول ضلع کے امراباد منڈل کے گاؤں ماچارم میں چنچو قبیلہ کی زمینات کو شروعاتی عمل آوری کیلئے چنا گیا ہے۔وزیراعلیٰ ،نلاملا کے جنگل میں واقع ماچارم سے اِس اسکیم کا آغاز کریں گے۔اس موقع پر ریاستی وزیر جو پلی کرشنا راؤ نے آج وزیراعلیٰ کے جلسہ عام ،تصویری نمائش اور اندرا سولار گیری واٹر ڈیولپمنٹ اسکیم کے استفادہ کنندہ کسانوں کے ساتھ وزیراعلیٰ کے رابطہ اجلاس کے انتظامات کا جائزہ لیا۔وزیر نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت جنگلوں پر انحصار کرنے والے قبائلی کسانوں کی مدد کیلئے 6 لاکھ روپے فی ایکر خرچ کررہی ہے اور اس کیلئے ملکیت کی دستاویزات جاری کی جارہی ہیں۔بورویلز کھودے جارہے ہیں اور شمسی توانائی کے ذریعہ آبپاشی کی سہولتیں پہنچائی جارہی ہیں تاکہ وہ اپنے باغات تیار کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے اِس اسکیم کے تحت 12600 کروڑ روپے مختص کیئے جس سے تقریباً دو لاکھ قبائلی کسانوں کو فائدہ ہوگا۔

BYTE JUPALLI

WEATHER

محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ اگلے پانچ دنوں میں تلنگانہ میں بعض بعض مقامات پر 30 سے 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلیں گی اور گرج چمک کے ساتھ بوندہ باندی ہوں گی۔ ریاست میں اگلے تین دن تک زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت معمول سے تین تا پانچ ڈگری کم رہنے کا امکان ہے۔

AMITH SHAH

مرکزی وزیر داخلہ وامداد باہمی امیت شاہ نے ابتدائی زرعی کریڈیٹ سوسائٹیز کی معاشی بحالی کے مقصد سے ایک نئی پالیسی کے منصوبوں کا اعلان کیا ہے۔ احمد آباد میں گجرات اسٹیٹ کوآپرٹیو یونین کی طرف سے رکھی گئی کوآپرٹیو کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے امیت شاہ نے ملک میں کریڈیٹ سوسائٹیز کو پھر سے ٹھہراتے ہوئے کوآپرٹیو انفرااسٹرکچر کو مضبوط بنانے کے حکومت کے عہد کا اظہار کیا۔ انہوں نے 2029ء تک ملک کی ہر پنچایت میں کریڈیٹ سوسائٹیز قائم کرنے کے مقصد کو واضح کیا ہے۔

BADI BATA

محکمہ تعلیم میں طالب علموں کے داخلوں کو بڑھانے کے مقصد سے 6 سے 19 جون تک ریاست میں سرکاری اسکولوں میں آچاریہ جیاشنکر بڑی باٹا بھرتی مہم چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ محکمہ نے ہدایت دی ہے کہ تمام اسکولوں میں مرمت کے کام 31 مئی تک ہوجانے چاہئے۔ 6 جون کو بڑے پیمانے پر گرام سبھائیں رکھی جائیں گی جس میں مقامی عوامی نمائندگے اور سرپرست سرگرمی سے حصہ لیں گے۔ اسکولی تعلیم کے ڈائرکٹر نرسمہا ریڈی نے ہدایت دی ہے کہ 7 جون کو ٹیچرس کو گھر گھر جاکر تعلیم چھوڑنے والے بچوں کی نشاندہی کرنی چاہئے اور داخلوں کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے۔ اسکولس نئے تعلیمی سال کے لئے 12 جون سے کھلنے والے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسکولوں کو سجانا چاہئے اور تہوار جیسا سماں پیدا کرنا چاہئے تاکہ والدین اور دیہاتیوں کا استقبال کیا جاسکے۔

MUSEUM

میوزیم کے عالمی دن کے موقع پر آج ملک بھر میں تاریخی مقامات اور میوزیمس میں خصوصی پروگرامس رکھے گئے۔ 52 میوزیمس میں آج داخلہ مفت رکھا گیا۔ جہاں ملک کے انتہائی قابل قدر قدیم اور فنکارانہ خزانے ہیں۔ حیدرآباد میں چارمینار اور گولکنڈہ قلعہ میں داخلہ مفت رکھا گیا۔

FIRE NEW

تلنگانہ کی ریاستی حکومت نے گلزار حوض آگ حادثہ میں مرنے والوں کے وارثوں کیلئے پانچ پانچ لاکھ روپے ایکس گریشیاء کا اعلان کیا۔اس حادثہ میں 17 جانیں گئیں۔نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے عثمانیہ ہاسپٹل کے مردہ خانہ کے دورہ کے بعد یہ اعلان کیا۔حیدرآباد میں تاریخی چارمینار کے قریب گلزار حوض علاقہ میں ایک گراؤنڈ پلس 2 اسٹوری عمارت میں آگ لگنے سے 8 بچوں اور 6 عورتوں سمیت 17 لوگوں کی موت ہوگئی۔ہاسپٹل میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے نائب وزیراعلیٰ نے یقین دلایا کہ مرنے والوں کے خاندانوں کی ہرممکن مدد کی جائیگی۔

BYTE BHATTI

ڈائرکٹر جنرل آف پولیس ڈاکٹر جتندر نے بتایا کہ شروعاتی رپورٹس کے مطابق شارٹ سرکٹ کی وجہ سے آگ لگی ہوگی۔جس کی وجہ سے 8 لوگوں کی دم گھٹنے سے موت ہوئی۔باقی علاج کے دوران دم توڑ گئے۔مرکزی وزیرکوئلہ و معدنیات جی کشن ریڈی نے حادثہ کے مقام کا دورہ کیا اور متاثرہ خاندانوں کی ہرممکن مدد کا یقین دلایا۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ متاثرہ لوگوں کی مدد کیلئے تمام قدم اٹھائیں۔وزیراعظم نریندر مودی نے حیدرآباد میں آگ سانحہ کی وجہ سے جانی نقصان پر گہری تکلیف کا اظہار کیا ہے۔سوشیل میڈیا پر ایک پیام میں انہوں نے ان لوگوں سے تعزیت کا اظہار کیا جنہوں نے اپنے پیاروں کو کھویا ہے۔انہوں نے مرنے والوں کے رشتہ داروں کیلئے دو دو لاکھ روپے ایکس گریشیاء کا اعلان کیا۔زخمیوں کو پچاس پچاس ہزار روپے ایکس گریشیاء دیا جائے گا۔

FIRE GOVERNOR

ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے حیدرآباد میں گلزار حوض پر آگ لگنے کے افسوس ناک حادثہ پر گہرے رنج کا اظہار کیا ہے۔گورنر نے ان خاندانوں سے تعزیت کا اظہار کیا جنہوں نے اس حادثہ میں اپنے پیاروں کو کھویا ہے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔گورنر نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ زخمیوں کو ہرممکن طبی مدد پہنچائی جائے۔

ONE NATION - ONE ELECTION

زراعت اور کسانوں کی بھلائی کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان اور کوئلہ اور معدنیات کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے ایک ملک ایک چناؤ کی ضرورت کے بارے میں عوام میں بیداری پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ حیدرآباد میں آج ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے آئندہ نسلوں کیلئے بہتر حالات پیدا کرنے کیلئے انتخابی سدھار کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے الگ الگ شعبوں کے دانشوروں سے کہا کہ وہ ایک ملک ایک چناؤ کی ضرورت کے بارے میں عوام کو حساس بنائے۔ چوہان نے پروگرام سے ورچول خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ترقی اور سیاسی استحکام کیلئے ایک ملک ایک چناؤ لازمی ہے۔ انہوں نے خیال ظاہر کیا کہ اس کیلئے دستوری ترمیمی کرنی چاہئے اور الگ الگ شعبوں سے تعلق رکھنے والے دانشوروں کو ساتھ دینا چاہئے۔ مرکزی وزیر اور بی جے پی کے ریاستی کشن ریڈی نے دانشوروں سے کہا کہ وہ ایک ملک اور چناؤ کے بارے میں عوام میں بیداری پیدا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے کسی نہ کسی حصہ میں چناؤ کی وجہ سے ترقی متاثر ہو رہی ہے کیونکہ سیاسی قیادت، عہدیدار اور پورا سسٹم چناؤ میں مصروف ہوتا ہے۔

SOUND BYTE KISHAN REDDY

بی جے پی کے جنرل سکریٹری سنیل بنسل، عوامی نمائندے اور الگ الگ شعبوں کی اہم شخصیتوں نے اس پروگرام میں شرکت کی۔

CHILD MARRIAGE

ہنمکنڈہ ضلع میں ورنگل کے پولیس کمشنر نے کم عمری میں ہونے والی ایک شادی کو روکا ہے۔ صوبہ داری پولیس اسٹیشن حدود میں واقع شیامہ پیٹ علاقہ کے ایک شادی خانہ میں ایک نابالغ بچی کی شادی کے بارے میں خبر ملنے پر اینٹی ہیومن ٹریفکنگ یونٹ اینڈ چائلڈ لائن کے عہدیدار ورنگل پولیس کمشنر سن پریت سنگھ کی ہدایت پر مقام پر پہنچے۔ دونوں نابالغوں کے ماں باپ کو چائلڈ ویلفیر کمیٹی کے سامنے پیش کیا گیا اور ان کی کونسلنگ کی گئی۔ عہدیداروں نے خبردار کیا کہ جو بھی نابالغوں کی شادی کی کوشش کرے گا اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔